Prime Minister’s meeting with President of European Council and President of European Commission

October 29, 2021

وزیر اعظم کی یورپی کونسل کے صدر اور یورپی کمیشن کے صدر سے ملاقات

29 اکتوبر، 2021

وزیر اعظم جناب نریندر مودی اور یورپی کونسل کے صدر عالی جناب چارلس مشیل؛ اور یورپی کمیشن کے صدر محترمہ ارسولا وان ڈیر لیین نے روم میں 16ویں جی 20 سربراہی اجلاس کے موقع پر ایک مشترکہ میٹنگ کی۔

وزیر اعظم جناب نریندر مودی اور یورپی یونین کے صدور نے مئی 2021 میں یورپی یونین+27 اور جولائی 2020 میں 15ویں انڈیا- یورپی یونین سربراہی اجلاس کی شکل میں ہندوستان- یورپی یونین کے رہنماؤں کی میٹنگ کی شکل میں اپنی نتیجہ خیز روابط کو یاد کیا۔ میٹنگ کے دوران ہندوستان اور یورپی یونین کے رہنماؤں نے سیاسی اور سیکورٹی تعلقات، تجارت اور سرمایہ کاری اور اقتصادی تعاون پر مشتمل بھارت- یورپی یونین تعاون کا جائزہ لیا، اور ساتھ ہی روڈ میپ 2025 کا جائزہ لیا جس پر گزشتہ انڈیا- یورپی یونین سربراہی اجلاس میں اتفاق ہوا تھا۔ انہوں نے موسمیاتی تبدیلی، کووڈ-19 وبائی امراض اور دونوں اطراف کی دلچسپی کی عصری عالمی اور علاقائی پیش رفت پر بھی تبادلہ خیال کیا۔

یورپی یونین کے رہنماؤں نے بھی ویکسینیشن پر ہندوستان کی شاندار پیش رفت کے لیے مبارکباد دی۔

روم

29 اکتوبر، 2021

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA’s website and may be referred to as the official press release.